The Absolute Reality

www.quran4u.com

يَوْمَ تُبْلَى السَّرَائِرُ فَمَا لَهُ مِنْ قُوَّةٍ وَلَا نَاصِرٍ

جس دن دلوں کے بھید جانچے جائیں گے تو انسان کی
کچھ پیش نہ چل سکے گی اور نہ کوئی اس کا مددگار ہو گا

Quran With Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhari

(فتح محمد جالندهري)

سورة البروج

Urdu Translation اردو ترجمه

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ (1)

آسمان کی قسم جس میں برج ہیں

وَالْيَوْمِ الْمَوْعُودِ (2)

اور اس دن کی جس کا وعدہ ہے

وَشَاهِدٍ وَمَشْهُودٍ (3)

اور حاضر ہونے والے کی اور جو اس کے پاس حاضر کیا جائے اس کی

قُتِلَ أَصْحَابُ الْأُخْدُودِ (4)

کہ خندقوں (کے کھودنے) والے ہلاک کر دیئے گئے

النَّارِ ذَاتِ الْوَقُودِ (5)

(یعنی) آگ (کی خندقیں) جس کا ایندھن (جھونک رکھا) تھا

إِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُودٌ (6)

جبکہ وہ ان (کناروں) پر بیٹھے ہوئے تھے

وَهُمْ عَلَىٰ مَا يَفْعَلُونَ بِالْمُؤْمِنِينَ شُهُودٌ (7)

اور جو (سختیاں) اہل ایمان پر کر رہے تھے ان کو سامنے دیکھ رہے تھے

وَمَا نَقَمُوا مِنْهُمْ إِلَّا أَنْ يُؤْمِنُوا بِاللَّهِ

ان کو مومنوں کی یہی بات بری لگتی تھی کہ وہ خدا پر ایمان لائے ہوئے تھے

الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ (8)

جو غالب (اور) قابل ستائش ہے

الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ

وہی ہے جس کی آسمانوں اور زمین میں بادشاہت ہے۔

وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ (9)

اور خدا ہر چیز سے واقف ہے

إِنَّ الَّذِينَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوبُوا

جن لوگوں نے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو تکلیفیں دیں اور توبہ نہ کی

فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ (10)

ان کو دوزخ کا (اور) عذاب بھی ہو گا اور جلنے کا عذاب بھی ہو گا

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ

(اور) جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان کے لئے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔

ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيرُ (11)

یہی بڑی کامیابی ہے

إِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيدٌ (12)

بیشک تمہارے پروردگار کی پکڑ بہت سخت ہے

إِنَّهُ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيدُ (13)

وہ پہلی دفعہ پیدا کرتا ہے اور وہی دوبارہ (زندہ) کرے گا

وَهُوَ الْغَفُورُ الْوَدُودُ (14)

اور وہ بخشنے والا اور محبت کرنے والا ہے

ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيدُ (15)

عرش کا مالک بڑی شان والا

فَعَّالٌ لِمَا يُرِيدُ (16)

جو چاہتا ہے کر دیتا ہے

هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْجُنُودِ (17)

بھلا تم کو لشکروں کا حال معلوم ہوا ہے

فِرۡعَوۡنَ وَثَمُودَ (18)

(یعنی) فرعون اور ثمود کا

بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي تَكۡذِيبٍ (19)

لیکن کافر (جان بوجھ کر) تکذیب میں (گرفتار) ہیں

وَاللَّهُ مِن وَرَائِهِم مُّحِيطٌ (20)

اور خدا (بھی) ان کو گرداگرد سے گھیرے ہوئے ہے

بَلۡ هُوَ قُرۡآنٌ مَّجِيدٌ (21)

(یہ کتاب ہزل وبطلان نہیں) بلکہ یہ قرآن عظیم الشان ہے

فِي لَوۡحٍ مَّحۡفُوظٍ (22)

لوح محفوظ میں (لکھا ہوا)

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com